ڈاکٹر ماجد حسین صابری

0349-4143244

کیس ٹیکنگ فارم {{سوال نامہ}}

سوال نامہ کا جواب ہدایات کے مطابق دیں!

۱۔ مکمل سوال نامہ کو شروع سے آخر تک ایک بار مکمل توجہ سے پڑھ لیں.

۲۔ تمام جوابات وائس میسج میں دینے ہیں. ان وائس میسج کو میرے وٹس ایپ پر سنڈ کر دیں. تحریری جوابات نہیں دے سکتے.

۳۔ سوال نامہ میں کل 24 عنوان ہیں. ہر ایک عنوان کا ایک ہی وائس میسج میں جواب دینا ہے. اس طرح کل 24 وائس میسج بنیں گے.

۴۔ میرے وٹس ایپ پر چہرے اور زبان کی مکمل پکچر بھی بھیج دیں. زبان کی پکچر ایسی ہونی چاہئے جس سے مکمل زبان صاف صاف نظر آئے. نیز زبان کے بارے وائس میسج میں بھی تفصیل سے بتانا ضروری ہے.

۵۔ ہر سوال کا جواب دینا ضروری ہے. کسی بھی سوال کو فضول نہ سمجھیں. اس لئے کہ آپ کی دواء کا انتخاب آپ کے دئے ہوئے سوالات سے ہی کیا جائے گا. ہومیوپیتھک میں مریض کے مکمل کردار سے واقفیت اَشّد ضروری ہوا کرتی ہے.

۶۔ آپ کے جوابات کی مدد سے ہی آپ کی دواء کا انتخاب کیا جائے گا اس لئے ہر سوال کا تفصیل سے جواب دیں. آپ جتنا تفصیلی جواب دیں گے اُتنا ہی دواء کا انتخاب آسان ہو گا. جتنا مختصر جواب دیں گے اُتنا ہی دواء کا انتخاب مشکل ہو جائے گا.

۷۔ کسی بھی سوال کا غلط جواب نہ دیں، اگر غلط جواب دیا تو دواء بھی غلط ہی ملے گی اور غلط دواء سے شفاء نا ممکن ہے. اسی طرح اپنی کسی بھی تکلیف، درد، یا صفت کو نہ چھپائیں. مقولہ مشہور ہے کہ ڈاکٹر سے کچھ بھی چھپانا نہیں چاہئے. کچھ لوگوں کو اپنی معیوب صفات اور عادات چھپانے کی عادت ہوا کرتی ہے. ڈاکٹر کے سامنے یہ عادت نہ چھپائیں.

۸۔ کچھ ایسی بھی علامات، تکلیفات، صفات اور عادات ہوتی ہیں جن کے بارے فارم میں آپ سے کوئی سوال نہیں پوچھا گیا. آپ کے لئے ضروری ہے کہ آخر میں ان علامات کو بھی وائس میسج میں بیان کر دیں. تا کہ آپ کی درست دواء آسانی سے مل سکے.

۹۔ ہومیوپیتھک دواء کا انتخاب آپ کی شخصیت کردار اور مزاج کے مطابق ہوا کرتا ہے. شخصیت پر سنیلٹی اور کردار کی پہچان صفات اور عادات سے ہوا کرتی ہے. اس لئے سب سے آخری سوال سب سے زیادہ ضروری ہے. اکثر مریض اس سوال کا جواب ٹھیک نہیں دیتے جس کی وجہ سے دواء کی تلاش مشکل ہو جایا کرتی ہے. اس لئے آخری عنوان (کچھ اہم ترین سوالات) کا جواب بہت سوچ سمجھ کر تفصیلی جواب دیں.

۱۰۔ ایلوپیتھک میں ہر ہر بیماری کی علیحدہ علیحدہ دواء ہوتی ہے مگر ہومیوپیتھک میں مریض کی تمام تر تکلیفات کے لئے صرف ایک ہی دواء ہوا کرتی ہے. اس کو بالمثل دواء کہتے ہیں. اصل بات مریض کی بالمثل دواء تلاش کرنا ہے. اگر معالج آپ کی بالمثل دواء تلاش کرنے میں کامیاب ہو گیا تو وہ ایک دواء ہی آپ کی بیان کر تمام درد اور تکلیفات کو ختم کرنے میں کافی شافی ثابت ہو گی. ان شاء اللہ. یہ ہومیو دواء کا خاصہ ہے. یہ بہت تعجب والی بات بھی ہے. حتی کہ ایک مریض جو 14 سال سے مختلف امراض و تکلیفات میں مبتلا تھا. تقریباً 40 تکلیفات تھیں. وہ سب سلفر M1 کے صرف چار قطروں سے ختم ہو گئیں تھیں. اس کی وجہ یہ ہے کہ جسم میں ایک قدرتی طاقت موجود ہے. وہ بیماریوں کو ختم کرتی ہے. اس کو قوت حیات اور وائٹل فورس کہتے ہیں. ہومیو دواء اس قوت حیات کو تحریک دیتی ہے اور تقویت بھی دیتی ہے. وہ قوت حیات چند دنوں میں تمام تکلیفات کو ختم کر دیتی ہے. مریض ایسی صحت پاتا ہے جو اس نے کبھی نہیں دیکھی ہوتی.

۱۱۔ سوالات کے آخر میں ادویہ کے نام اور کچھ نمبر درج ہیں. ان کو چھوڑ دیں. ان کا ذکر نہیں کرنا. یہ نمبر مکتبہ دانیال سے شائع ہونے والی کینٹ ریپرٹری کے ہیں۔

سوال نامہ:-

1. {{مرض اور اس کا سبب}}

۱۔ ... مرض کیا ہے؟

۲۔ ... مرض کتنے سالوں سے ہے؟

۳۔ ... مرض کس سبب سے شروع ہوا تھا، بخار سے، چوڑ سے، گرنے سے، اپریشن سے، صدمہ سے، بچہ کی ولادت سے، ٹینشن، ڈپریشن سے، غم سے، ڈرنے سے، مشت زنی، زنا یا لواطت سے، کاروبار کی شدید ٹینشن سے، ظلم سے یا بچہ کی پیدائش سے یا کسی اور وجہ سے یا پیدائشی ہی ہے؟

۴۔ .... پہلے کون کون سی ہومیوپیتھک یا ایلوپیتھک ادویہ استعمال کی ہیں. ان کے نام بتائیں؟

2.{{شخصی معلومات}}

۱۔ ...نام؟

۲۔ ...عمر؟

۳۔ ...ویٹ(وزن)؟

۴۔ ...قد؟

۵۔ ...کس شہر سے تعلق ہے؟

۶۔ ...کیاکام کرتے ہیں؟

۷۔ ...کوئی اپریشن ہوا ہے؟

۸۔ ...آپ کے خاندان میں کون کون سی خاص بیماری ہے؟

۹۔ ...آپ کی تعلیم کتنی ہے؟

۱۰۔ ...آپ کس مذہب سے تعلق رکھتے ہیں جیسا کہ شیعہ، دیوبندی، اہل حدیث، سنی، مرزائی یاسادہ مسلمان ہیں؟

۱۱۔ ...فیملی کے ساتھ تعلقات کیسے ہیں؟کیاپنی ذمہ داریوں اور حقوق کو اچھی طرح ادا کرتے ہیں؟

۱۲۔ ...کوئی روحانی مسئلہ ہے؟جیسا کہ جادو، آسیب، جنات سے ڈر، نظر بد وغیرہ؟اگر ہے تو وہ کتنے سالوں سے ہے؟اس کا علاج کروایاہے؟

۱۳۔ ...کیادونوں کندھوں پر بوجھ محسوس ہوتا ہے؟

3.{{چکر}}

۱۔ ...ایک سال میں کتنی دفعہ چکر آتے ہیں؟کتنے سالوں سے ہیں؟چکر عموماً دن کو کس وقت آتے ہیں؟ 91

۲۔ ...چکر کے وقت کس طرف گرنے کا رجحان ہوتا ہے آگے، پیچھے، دائیں، یابائیں طرف؟ 99

۳۔ ...کبھی کبھی ایسے چکر آتے ہیں جیسے نشہ کیاہوا ہے؟ 101

۴۔ ...جب چکر آتے ہیں تواس وقت دماغ میں کیسی کیفیت ہوا کرتی ہے اور دماغی طور پر کیا محسوس کرتے ہیں. یعنی دوران چکر دماغ میں کیا چل رہاہوتا ہے؟

4.{{{درد سر}}}

۱۔ ...درد سر ہے؟شدید ہے یا نارمل؟ایک ماہ میں کتنی دفع ہوتا ہے؟کتنے سالوں سے ہے؟ 124

۲۔ ...کیا درد سر کا وقت بتاسکتے ہیں.جب بھی درد سر شروع ہوتا ہے تو وہ کس وقت شروع ہوا کرتا ہے؟ 124

۳۔ ...درد سر عموماً کس سبب سے ہوتا ہے جیسا کہ بارش سے،بال کٹوانے سے،بد ہضمی سے،بوجھ اٹھانے سے، بھگ جانے سے،پاخانہ پر زور لگانے سے، جسم یا سر کو پھیرنے سے،ٹوپی کے بوجھ سے، ٹھنڈا ہو جانے سے،جماع سے، چھونے سے، حرکت کرنے سے،زیادہ خوشی سے،خوف سے، مطالعہ اور دماغی محنت سے،دھوپ سے، تیز روشنی سے،سفر اور سواری سے،شور سے،غصہ سے، قبض سے، کھانا کھانے سے،پیٹ کے کیڑوں سے، گرم کمرہ میں جانے سے، نمی اور مرطوب مکان میں رہنے سے، ٹھنڈی ہوا سے،ڈپریشن، غم،الرجی،خوشبو،پچھتاوے،غصہ،کسی کی تیمارداری یا صحت کی شدید فکر سے،کرنے سے؟ 127

۴۔ ...سر کی کس جگہ پر درد ہوتا ہے؟دائیں طرف،بائیں طرف،کنپٹیوں پر،پیشانی میں،پیشانی کی دائیں طرف یا بائیں طرف،آنکھوں کے اوپر،یا چاند (یعنی پیشانی کے اوپر والی جگہ) پر، دماغ کی گہرائی میں،یا گدی میں یا کانوں کے پیچھے؟ 144

۵۔ ...سر درد کس نوعیت کا ہوتا ہے؟ہتھوڑیوں کے لگنے جیسا، تپکن والا، پچر یا میخ ٹھکنے جیسا، پھاڑنے والا، پھٹنے والا،پھوڑے کا سا، تشنجی اور اینٹھن والا،جلن دار، جھٹکے والا،چھیدنے والا،دبانے والا،سُن کر دینے والا،سوراخ کرنے والا،سوئیاں چبھنے والا،کاٹنے والا،کھنچنے والا، گولی لگنے کا سا،گھونسہ لگنے کا سا؟ 143.115.164

۶۔ ...تیز خوشبو سے درد سر ہوتا ہے؟ (نیٹرم سلف،سٹانم،کاسٹیکم،کالچیکم، سیلینم،کیوپرم،لیکسس،الیومن،ارجنٹم نائیٹریکم،اناکارڈیم،سیلیشیا،سلفر،فاسفورس،گریفائٹس،لائیکوپوڈیم،نکس،ہائیوسائمس) 135

۷۔ ...اپنے غلط فیصلہ پر پچھتاوے کی وجہ سے درد سر ہوتا ہے؟ (اولینڈر)

۸۔ ...اپنوں کی تیمارداری اور دیکھ بھال کی وجہ سے درد سر ہوتا ہے؟ (کولولس)

۹۔ ...سر کی کسی جگہ پر بھاری پن محسوس ہوتا ہے؟یہ کس وقت ہوتا ہے؟ 180

5.{{آنکھ}}

۱۔ ...آنکھوں میں کوئی مسئلہ ہے؟ 225

۲۔ ...کیا آپ کی آنکھوں میں جلن، پانی نکلنا، خارش، ریت کا احساس، گندہ مواد آنا، ابھار، آنسوں نکلنا، بال کا احساس، بھاری پن، آنکھیں بڑھ جانے کا احساس، بھینگا پن، چپک جائیں، خشکی، موتیا، جالا، دھبے، وغیرہ؟

۳۔ ...آنکھوں میں کسی وقت یا کسی وجہ سے درد ہوتا ہے؟ 234

۴۔ ...آنکھیں ٹھنڈے پانی، یا دھوپ، یا چمکدار اشیاء، گرمی، یا ٹھنڈی ہوا سے بہت زیادہ حساس اور نفرت کرنے والی ہیں؟ 247

۵۔ ...کیا آنکھوں کو روشنی بالکل برداشت نہیں ہوتی؟ 248

۶۔ ...آنکھیں بہت زیادہ زرد یا سرخ یا سیاہ تو نہیں ہیں؟ 250

۷۔ ...کوئی ایک آنکھ چھوٹی محسوس ہوتی ہے؟ 226

۸۔ ... آنکھوں کے آگے کوئی چیزیں یا رنگ دیکھائی دیتے ہیں؟ 261

۹۔ ...دُور یا قریب کی نظر کمزور ہے؟ 265 .262. 270

6.{{کان}}

۱۔ ...کانوں میں کوئی مسئلہ ہیں؟

۲۔ ...کان میں کسی قسم کی وہمی آوازیں سنائی دیتی ہیں؟ کس کان سے آتی ہیں؟ کس وقت آتی ہیں؟ وہ کیسی ہوتی ہیں جیسا کہ بھنھناہٹ کی، پھڑ پھڑاہٹ کی، پھنکار اور ہس ہس کی، روپیہ پیسہ کی ٹھنکار کی، جھپٹ اور دوڑنے کی سی، چُوں چُوں کی، حباب کی (یعنی پانی کے بلبلہ کی طرح)، دندناہٹ کی، دھماکے کی، سنسناہٹ کی، سیٹی کی، کڑکنے کی، گانے کی، گرجن، گھنٹہ بجنے کی، گُھوں گُھوں کی؟ (پلساٹیلا، اناکارڈیم، سٹانم، ہیلیبورس، نیٹرم سلف، نائیٹرک ایسڈ، مگنیشیا میور) 275

۳۔ کانوں میں درد، جلن، خارش، پیپ، خون، ابھار، کان بند ہو جانا، بھراؤ کا احساس، ٹھنڈک کا احساس، گرمی کا احساس، چیونٹیوں کا احساس، خشکی، کھجلی، سرسراہٹ، سوجن، کیڑوں کا احساس، میل، ورم، تیز ہوا چلنے کا احساس وغیرہ ہوتا ہے؟

۴۔ ...کسی کان میں کبھی درد ہوا ہے؟ کس وجہ سے ہوا تھا؟ کس نوعیت کا تھا؟

۵۔ ...کیا سننے کی طاقت عام لوگوں سے زیادہ ہے؟ 306

۶۔ ...کیا معمولی سے شور و غل سے بہت چڑتے ہیں اور طبیعت خراب ہوتی ہے؟ 306

7.{{ناک}}

۱۔ ...ناک بالکل ٹھیک ہے؟ 309

۲۔ ...کیا فرضی وہمی بدبو آتی ہے؟ جیسا کہ پرانے زکام کی، پریشان کن جس سے قے آئے، پیاز، سڑی ہوئی، گندھک کی، پٹرول کی، مچھلی، مردار کی، یا کوئی اور؟310

۳۔ ...کیا نام بہت زیادہ خشک رہتی ہے؟ 314

۴۔ ...ناک میں کسی جگہ پر درد ہوتا ہے؟ 315

۵۔ ...کسی نتھنے سے گندی رطوبت نکلتی ہے؟ 320

۶۔ ...کسی وقت کوئی ایک نتھنہ بند ہوتا ہے؟ 324

۷۔ ...ایک سال میں کتنی بار زکام اور نزلہ لگتا ہے؟ زکام زیادہ تر کس نتھنے سے بہتا ہے؟ کس موسم میں زیادہ لگتا ہے؟ پتلا ہوتا ہے یا گاڑھا؟ 326.333

۸۔ ...کیا ناک میں بار بار بلاوجہ انگلی ڈالنے، خارش کرنے اور نوچنے کی عادت ہے؟

(سائنا، فاسفورک ایسڈ، ہائیڈراسٹس، آرم، ٹیوکریم، کونیم، ہائپریکم، ہیلی ورس، ٹریبنتھینیا، ریومکس، لیکسس)331.336

۹۔ ...سائنوسائٹس یعنی ناک کے اندر سوزش اور سوجن ہے؟ 330

۱۰۔ ...سونگنے کی طاقت عام لوگوں سے زیادہ ہے؟ 332

۱۱۔ ...آپ کو خوشبو، مٹی، یا ٹھنڈی ہوا سے الرجی اور حساسیت ہے؟

(کالی بائیکرامیکم، میڈورینم، سائنا، نیٹرم سلف، ٹیوبر کولینم، سلفر) 332

۱۲۔ ...کبھی نکسیر کا مرض ہوا ہے؟ کس نتھنے سے بہتی تھی؟ کس وقت؟ کس وجہ سے؟ آرام کیسے آیا تھا؟ 334

۱۳۔ ...کبھی پھٹکڑی جیسا زکام لگا ہے؟ (الیومن)

8.{{چہرہ}}

۱۔ ...چہرے پر کسی جگہ میں کسی قسم کے دانے اور ابھار ہیں؟ کب سے ہیں؟ کیسے ہوئے تھے؟ کس موسم میں زیادہ ہوتے ہیں؟ 337

۲۔ ...چہرے کا رنگ کیسا ہے؟ سفیدی مائل، زردی مائل، سبزی مائل، سرخ، سیاہ، پھیکا، نیلا، میلا؟ 346

۳۔ ...چہرا بہت زیادہ خشک ہے؟ 336

۴۔ ...چہرے پر کسی جگہ پر درد ہو؟ 356

۵۔ ...چہرے پر کسی جگہ میں سوجن ہو؟ 368

۶۔ مریض کی شکل کیا چیز ظاہر کرتی ہے؟ جیسا کہ اداس، بچپنا پن، بڑھاپا ٹپکے، بھوچکی سی (یعنی حیران اور متعجب سا)، بیوقوفانہ، بیماریوں کی سی، بیہودہ، پریشان، تھکاوٹ، ڈری ہوئی، دہشت ناک ڈرواونی، مظلومانہ، سستی ٹپکے، گھبرایا ہوا، متفکرانہ، متکبرانہ، نشہ بازوں کی سی؟370

۷۔ ...نشہ بازوں جیسی شکل (سیلینم، سٹرامونیم، کینابس انڈیکا، اوپیم، جیلسیمیم، کوکولس، پیٹیشیا)

۸۔ ...چہرے پر کسی وقت شدید گرمی محسوس ہوتی ہے؟ 373

9.{{منہ}}

۱۔ ...آئینہ سے دیکھ کر بتائیں کہ زبان پر اور زبان کی جڑ پر کس طرح کا رنگ ہے، سفید، زرد، سبز، نیلی، سیاہ، میلی، سرخ یا کوئی اور؟ زبان کا رنگ زبان کی دائیں طرف زیادہ ہے یا بائیں طرف؟ زبان پر دانے ہیں؟ زبان کی نوک اور کنارے کس رنگ کے ہیں؟ 377

۲۔ ...کیا صبح کے وقت منہ میں انتہائی لیسدار چپچپی بلغم آتی ہے جو گلے کے ساتھ چپک جائے؟ (کالی بائیکرام) 380

۳۔ ...منہ سے کسی طرح کی بدبو آتی ہے؟ 381

۴۔ ...زبان پھٹی ہے؟ 382

۵۔ ...تھوکنے کی عادت ہے؟ (سٹافی، مرک، سفیلینم، سٹرامونیم، کاسٹیکم، پٹرولیم، ہائیڈروفوبینم) 384

۶۔ ...منہ بہت زیادہ خشک رہتا ہے؟ 386

۷۔ ...دانتوں، مسوڑوں یا زبان میں درد ہوتا ہے؟ 388

۸۔ ... صبح کے وقت زبان کا ذائقہ کیسا ہوتا ہے؟ اچار کا، کڑوا، کھٹا، میٹھا، بدبودار، پھیکا، تیز سا، جلی ہوئی اشیاء کا، بھوسا، خون کا، دھات کا سا، سڑا ہوا، لہسن کا سا، نمکین، لیسدار، کھٹا؟ 391

۹۔ ... لکنت یعنی بات چیت لڑکھڑائے؟ 404

۱۰۔ ... کبھی منہ پکا ہے؟ 406

۱۱۔ .. کیا آپ کو کبھی ایسا محسوس ہوتا ہے جیسا کہ میرے دانت لمبے ہیں؟(کاسٹیکم، کیمومیلا، مگنیشیا کارب، مزیریم) 423

10.{{حلق}}

۱۔ ... حلق بالکل ٹھیک ہے؟ 424

۲۔ ... ایک سال میں حلق کتنی بار خراب ہوتا ہے؟ جب گلا خراب ہوتا ہے تو آپ اس وقت کیا کھاتے پیتے ہیں جس سے گلے کو آرام ملتا ہوں؟

۳۔ ... کیا حلق میں خراش، جلن، بال کا احساس، زخم کا احساس، ہڈی یا پیچر کے اٹکے ہونے کا احساس، سڑان کا احساس، سوزش، نیچے سے بلغم آنا، یا اوپر سے کیرا گرنا ہوتا ہے؟

۴۔ ... آپ کی فیملی میں کس کس کو ٹانسز یعنی غدود کے بڑھنے، درد کرنے یا خراب ہونے کا مرض ہے؟ 425

۵۔ ... حلق بہت زیادہ خشک رہتا ہے؟ 424

۶۔ ... حلق کی تکلیفات اور درد حلق کی دائیں جانب زیادہ ہیں یا بائیں جانب زیادہ ہیں؟ 429

۷۔ ... کبھی حلق میں گولہ یا پیچر کا احساس ہوا ہے؟ 441

۸۔ .. کبھی حلق کی دائیں یا بائیں جانب زخم ہوا ہے؟ 444

11.{{بھوک پیاس}}

۱۔ ... بھوک بہت کم ہے یا بہت زیادہ؟ روزانہ کتنی روٹیاں کھاتے ہیں؟454

۲۔ ... وہ وقت بتائیں جس وقت آپ کو سب سے زیادہ بھوک لگتی ہے؟ جیسا کہ صبح صبح، یا صبح 10 بجے یا 11 بجے، یا دن 3 بجے یا دن 5 بجے کے بعد یا مغرب کے بعد؟

(سلفر، ٹیوبر کیولینم، میڈورینم، سورینم، کلکیریا کارب، چائنا، سیلینیم، فاسفورس، فاسفورک ایسڈ، لائیکوپوڈیم) 454

۳۔ ... سینہ یا پیٹ بیٹھنے اور کمزوری کا احساس موجود ہے جس کی وجہ سے بار بار کھانا پڑتا ہے؟ 463

۴۔ ... کسی وقت پیٹ میں بھاری پن کا احساس ہوتا ہے خصوصا کھانے کے بعد؟ 452

۵۔ ...خالی پیٹ زیادہ بہتر اور فرش محسوس کرتے ہیں یا کھانے کے بعد؟

۶۔ ...پیاس بہت زیادہ ہے یا بہت کم؟ ایک دن میں کتنے گلاس پانی پیتے ہیں؟ 458

۷۔ ...پیاس بالکل نہ لگنے کا مرض ہے؟ (پلساٹیلا، سباڈیلا، کاسٹیکم، سارساپریلا، بربرس، آرسینکم البم، اوپیم وغیرہ) 468

۸۔ ... 18 سال کی عمر میں ایک دن میں کتنی روٹیاں کھاتے تھے اور کتنے گلاس پانی پیتے تھے؟

12.{{خواہش اور نفرت}}

۱۔ ... آپ ان چیزوں کے نام بتائیں جو آپ کو بہت زیادہ پسند ہوں، جن کے کھانے کی بار بار دل میں خواہش اٹھتی ہے، اور ایک ماہ میں اکثر دفع کھانے کو دل کرتا ہو؟ 465

۲۔ ... کس طرح کی چیزیں زیادہ کھانا پسند کرتے ہیں جیسا کہ ٹھنڈی چیزیں، گرم چیزیں، چٹ پٹی چیزیں، کھٹی چیزیں، نمکین چیزیں، کراری چیزیں، میٹھی چیزیں، ٹھنڈی سیال اشیاء وغیرہ؟

۳۔ ...دودھ کے بہت زیادہ شوقین ہیں؟ (آرسینک، سٹافی سیگیریا، فاسفورک ایسڈ، گریفائٹس وغیرہ)

۴۔ ...میٹھا کھانے کے شیدائی ہیں؟ (ارجنٹم، مرک سال)

۵۔ ...انڈے بہت زیادہ کھاتے ہیں؟ (کلکیریا، ارجنٹم)

۶۔ ...نمک ضرورت سے زیادہ سالن پر ڈال کر کھاتے ہیں یا نمکین اشیاء زیادہ پسند ہیں؟ (نیٹرم میور، بریٹاکارب، فاسفورس)

۷۔ ... آلو بہت زیادہ کھاتے ہیں یا آلو سے شدید نفرت کرتے ہیں؟ (ایلومینا، تھوجا)

۸۔ ...ناقابل ہضم چیزیں کھانے کی عادت ہے جیسا کہ ناخن، کوئلہ مٹی، کچے چاول، وغیرہ؟
(سائیکوٹا، کلکیریاکارب، کیموملیا، الیومن، الیومنا، نائیٹرک ایسڈ، نیٹرم میور)

۹۔ ... سبزیوں، پھلوں، میوجات، دالوں، گوشت، روٹی سے، پانی، گرم اشیاسے، ٹھنڈی اشیاء سے، مٹھائیوں سے، وغیرہ میں سے کون کون سی چیزیں کھانے میں پسند نہیں کرتے یا ان کے کھانے سے معدہ میں تکلیف ہوتی ہے؟ 507

۱۰۔ ...پیاز کھانے سے نفرت کرتے ہیں؟ (تھوجا)

۱۱۔ ... کیا آپ گوبھی کھانے سے انتہائی نفرت کرتے ہیں؟ (لائیکوپوڈیم، نیٹرم سلف، ہیلی بورس)

۱۲۔ ...دودھ سے نفرت کرتے ہیں یا اس سے کوئی معدہ وغیرہ کا مسئلہ بنتا ہے؟
(سلفر، ٹیوبر کولینم، فاسفورس، اوپیم، سیپیا، کاسٹیکم، اگنیشیا، پلساٹیلا، سٹانم، کاربوویج، مگنیشیاکارب، مگنیشیا میور، الیومن، نیٹرم کارب)

۱۳۔ .. گوشت کھانے سے نفرت کرتے ہیں یا گوشت کھانے سے کوئی تکلیف ہوتی ہے؟
(سباڈیلا، سیپیا، کاسٹیکم، گریفائٹس، ایلومینا، فیرم میٹ، اناکارڈیم، پلاٹینم، اوپیم)

۱۴۔ ... مچھلی کھانے سے کوئی مسئلہ تو نہیں ہوا؟ (زنکم، گریفائٹس)

۱۵۔ ... قہوہ، چائے یا کافی پینے سے طبیعت بہت زیادہ خراب تو نہیں ہوتی؟

۱۶۔ ... کچھ ایسی غذاؤں کا نام بتائیں جو آپ کے لئے سب سے زیادہ مفید، کارآمد اور نافع ثابت ہوئی ہو. وہ غذاء آپ کے جسم کو سب سے زیادہ قوت بخشتی ہوں. وہ آپ کی تمام تکلیفات اور دردوں کو ختم کرتی ہوں. اس کے کھانے سے آپ کو کسی قسم کی کوئی تکلیفات نہ ہوتی ہوں؟

13.{{شکم}}

۱۔ ... کیا معدہ میں گیس، ڈکار، قے، متلی، تیزابیت، کلیجہ میں جلن، درد، ورم، ہچکی، استسقاء، دست، تلی یا جگر کا بڑھ جانا، بھاری پن، بے چینی، تناؤ، گرمی کا احساس، خارش، خالی پن، شکم میں مختلف حرکات، چونا جلنے کا احساس، جگر میں درد، مروڑ، ریاح، سختی، سوجن، گڑگڑاہٹ، ورم، جانور یا کسی چیز کا پیٹ میں موجود ہونے کا احساس ہوتا ہے؟ 512

۲۔ ... کیا پیٹ پھولا ہوا، اور بڑھا ہوا ہے؟ کتنے سالوں سے؟ 512

۳۔ ... سال میں کتنی دفعہ پیٹ میں درد ہوتا ہے؟ یہ درد پیٹ کی کس جگہ پر ہوتا ہے؟ کبھی رات کو درد شکم کے دورے پڑے ہیں؟ یا کھانے کے بعد کبھی درد ہوا ہے؟ 467.523

14.{{مقعد، پاخانہ، پیشاب اور آلات تناسل}}

۱۔ ... پاخانہ کی جگہ پر کوئی مرض ہو جیسا کہ بواسیر، جلن، سوزش، درد، خارش، کانچ نکلنا، سن ہونے کا احساس، وغیرہ؟ 571

۲۔ ... عموماً کس چیز کے کھانے یا پینے سے موشن اور اسہال لگتے ہیں؟ 586

۳۔ ... کبھی صبح کے وقت دست لگے ہیں؟

۴۔ ... پیٹ میں کبھی کیڑے بنے ہیں؟ (گریفائٹس، سائنا، سباڈیلا، چیلیڈونیم، لائیکوپوڈیم، کالی کارب، رسٹاکس) 599

۵۔ ... کیا آپ پیدائشی اور دائمی قبض کے مریض ہیں؟ یا کسی مخصوص بیماری کے بعد قبض ہوئی ہے؟ 596

۶۔ ... کیا کیا چیز کھانے سے قبض ہوتی ہے؟

۷۔ ... پاخانہ کتنے دن کے بعد آتا ہے؟

۸۔ ... کیا نامکمل اور غیر تسلی بخش پاخانہ ہوتا ہے؟ 596.602

۹۔ ... کبھی ہاتھ کے ساتھ بھی پاخانہ نکالنا پڑتا ہے؟ (ایلومینا، میڈورینم) 602

پیدائشی قبض (میڈورینم، ٹیوبرکولینم، سلفر، سورینم، چیلیڈونیم، کلکیریاکارب، نائیٹرک ایسڈ، سیلیشیا، گریفائیٹس، بریٹاکارب)

۱۰۔ ...پاخانہ عموماً نرم ہوتا ہے یا سخت یا شروع میں سخت پھر نرم یا درمیانہ ہوتا ہے؟ یا بکری کی مینگنی کی طرح یا ٹوٹ ٹوٹ کر آتا ہے؟ 608.602.610

۱۱۔ ... کیا پاخانہ سے کسی خاص قسم کی بدبو آتی ہے، جیسا کہ سڑے انڈے کی سی، پھپھوندی، سڑی ہوئی گندی، کھٹی، مُردار کی سی، جلے ہوئے گوشت کی؟ 603

۱۲۔ ... عموماً پاخانہ کا رنگ کس طرح کا ہوتا ہے؟ 606

۱۳۔ ....ایک دن میں کتنی بار پیشاب کرتے ہے؟ 612

۱۴۔ ...پیشاب دن کو زیادہ آتا ہے یا رات کو؟

۱۵۔ ...پیشاب سے کسی خاص قسم کی بدبو آتی ہے؟ جیسا کہ بلی کے پیشاب کی، بنفشہ کی، کھٹی، پیاز کی، بہت تیز، خوشبودار، گھوڑے کے پیشاب کی، بہت گندی، کڑوی، میٹھی، مشک کی، مچھلی کی، عجیب سی؟ 649

۱۶۔ ...پیشاب کا رنگ کس طرح کا ہوتا ہے؟ 652

۱۷۔ ...مثانہ میں درد یا پتھری کا مسئلہ ہے؟ 612.623

۱۸۔ ...دائیں یا بائیں گردے میں درد بوجھ یا، بلبلے بننے یا پتھری وغیرہ ہے؟

دائیں گردہ میں درد:-(لائیکوپوڈیم، پلساٹیلا، سارساپریلا، کالی بائیکرمیکم، کالی کارب، میڈورینم، ایلومینا)

بائیں گردہ میں درد:- (بربرس، چیلیڈونیم، کوکولس، سیلینیم، بوریکس، سلفر، نیٹرم سلف، ہائیڈروفوبینم، سباڈیلا، سلفر) 630

۱۹۔ ...شوگر، ہائی بی پی، یورک ایسڈ، اور کولیسٹرول کا مرض کب سے ہے؟ 659

۲۰۔ ...احتلام، جریان، سرعت انزال، ذکاوت حس، نامردگی اور ایستادگی کا مرض ہے؟ 661

۲۱۔ ... کبھی سوزاک ہوا ہے. سوزاک کا مطلب پیشاب کی نالی میں شدید جلن ہو یا پیپ آنا؟

۲۲۔ ... حیض، لیکوریا، استحاضہ (حیض کے علاوہ باقی دنوں میں خون آنا) یعنی حیض کے دنوں کے علاوہ کسی اور دنوں میں خون آنا، شرم گاہ سے ہوا کا خارج ہونا، یا کسی جگہ پر زخم، دائیں یا بائیں خصیۃ الرحم میں درد ہے؟ 683

15.{{کھانسی و بلغم}}

۱۔ ...جب کھانسی لگتی ہو تو کس وقت لگتی ہے؟ 746

۲۔ ... کھانسی کس وجہ سے لگتی ہے اور کس وجہ سے زیادہ ہوتی ہے؟ 750

۳۔ ...خشک کھانسی ہے یا بلغمی؟ 760

۴۔ ... کھانسی زیادہ تر سرما میں ہوتی ہے یا گرما میں؟ 768.774

۵۔ ... کھانسی، سانس لینے میں دقت، دمہ یا ٹی بی کا مرض کبھی ہوا ہے؟ 746

۶۔ ... کھانسی دورہ والی، دم گھٹنے والی، یا دمہ کی شکل میں یا کالی کھانسی ہوتی ہے؟

(،ڈروسیرا، کالی بائیکرامیکم، سیپیا، کاسٹیکم، میڈورینم، ٹیوبر کولینم، فاسفورس، پیلیڈیم، میفائیٹس، سنیگا، ریومکس، سٹانم، گریفائٹس، ایپس، سارساپریلا، نائیٹرک ایسڈ، سیلیشیا) 764.755.771

۷۔ ... مٹی، دُھول وغیرہ سے کھانسی ہوتی ہے؟ 776

۸۔ ... کھانسی کے وقت بلغم کس رنگ اور ذائقہ والا ہوتا ہے؟ 781

16.{{دل اور سینہ}}

۱۔ ...دل کا کوئی مرض یا سینہ میں کسی جگہ کوئی درد یا پھیپھڑوں میں درد، یا پستانوں میں کوئی مسئلہ ہو؟ 791۔805

۲۔ ... نبض تیز چلتی ہے یا سست، موٹی ہے یا باریک، نرم ہے یا سخت، باقاعدہ ہے یا بے قاعدہ؟ 1366

17.{{ہاتھ، پاؤں اور پشت}}

۱۔ ...ہاتھ پاؤں میں کوئی بیماری ہے؟ 852

۲۔ ... کیا ہاتھ، پاؤں میں درد، جلن، سن ہونے کا احساس، جھٹکے لگنا، فالجی کمزوری، ٹھنڈک کا احساس، یا گرمی کا احساس، تناؤ، کھنچاؤ، خارش ہونا، کھنچاؤ ہے؟

۳۔ ...رات کو پاؤں ہلانے کی عادت ہے؟ (زنکم، کاسٹیکم، رسٹاکس) 892

۴۔ ...پاؤں کے تلوے اور ہاتھوں کی تلیاں بہت زیادہ گرم رہتی ہیں؟ 927

۵۔ ...ہاتھوں میں یا کندھوں میں، کہنی میں، کلائی میں، رانوں میں، کولہوں میں گھٹنوں میں، ٹانگوں میں، پنڈلی میں، ٹخنوں میں، پاؤں میں تلوں میں، پاؤں کے انگلیوں میں درد ہوتا ہے؟ وہ کس جگہ پر ہے؟ 942۔950

۶۔ ... کیا آپ کے درد جگہ بدلتے ہیں؟یعنی کبھی درد دائیں طرف کبھی بائیں طرف، کبھی اوپر کبھی نیچے؟ 945

۷۔ ...وجع المفاصل یعنی ہڈیوں کے جوڑوں میں درد ہوتا ہے؟ 945

۸۔ ... آپ کے درد کس قسم کے ہوا کرتے ہیں جیسا کہ، پھاڑنے والے، پھوڑے کا سا، تپکن اور جلن دار، دبانے والا، سوئیاں چبھنے کا سا، کاٹنے والا، کھنچنے ولا، گولی لگنے کا سا، چوٹ کا سا درد، دباؤں والا درد، ڈنگ لگنے والا درد، نا قابل برداشت درد، اینٹھن اور کھنچاؤ والے درد؟ 981

۹۔ ...کمر یا شانوں میں درد یا دونوں شانوں کے درمیان ہے؟ 1146-1135

18.{{نیند}}

۱۔ ... نیند ٹھیک آتی ہے؟ نیند 8 گھنٹوں سے کم ہے یا زیادہ؟ عموماً رات کو کس وقت سوتے ہیں اور صبح کس وقت اٹھتے ہیں؟ 1187

۲۔ ... کیا نیند بہت زیادہ گہری ہوتی ہے؟ 1206

۳۔ ... عموماً کس قسم کے خواب آتے ہیں؟ 1196

۴۔ ...دن میں کوئی خاص وقت ہے جب آپ کو غنودگی رہتی ہو؟ یہ غنودگی زیادہ کس وقت سے کس وقت تک رہتی ہے؟
(بوریکس، کالی بائیکرامیکم، کالی کارب، پیٹیشیا، اوپیم، ہیلیبورس، گریفائٹس، بربرس ولگرس، اوپیم، کاسٹیکم، پیٹیشیا، مگنیشیا فاس، بنزویک ایسڈ، سیلینم، اناکارڈیم، ساباڈیلا) 1207

۵۔ ... آپ عموماً کس جانب سوتے ہیں دائیں بائیں؟ یا الٹا یا چت؟ 1211

19.{{بخار اور جاڑا}}

۱۔ ... آپ کو دن میں یا رات میں کسی وقت اندر بخار یا بخار جیسی کیفیت محسوس ہوتی ہے؟ 1212

۲۔ ...زندگی میں ٹائیفائیڈ بخار کب ہوا تھا؟ 1230

۳۔ ... کیا آپ کو یہ محسوس ہوتا ہے کہ جسم اندر سے ٹھنڈا اور باہر سے گرم ہے، یا اندر سے گرم اور باہر سے ٹھنڈا ہے؟ 1233

۴۔ ...دن 11 بجے کے بعد یا 3 بجے کے بعد یا 5 بجے کے بعد یا کسی اور وقت اندر بخار محسوس ہوتا ہے؟
(رسٹاکس، کاسٹیکم، ایپس، جیلیسیمیم، نیٹرم میور، لائیکوپوڈیم، پیٹیشیا، سینگونیریا، برائی اونیا وغیرہ) 1230

۵۔ سال میں کتنی دفع بخار ہوتا ہے؟

20.{{پسینہ}}

۱۔ ...کوئی ایسا وقت ہے جب آپ کو پسینہ بہت زیادہ آتا ہو؟ 1246

۲۔ ...پسینہ بہت زیادہ آتا ہے یا کم یا نارمل؟ پسینہ دن کو زیادہ آتا ہے یا رات کو؟ 1246

۳۔ ...پسینہ بہت کم آنے یا رُک جانے سے پیدا شدہ تکلیفات۔ (سیلیشیا، زنکم، کاسٹیکم، کیوپرم، لیکسس) 1252

۴۔ ...پسینہ سے کسی قسم کی بدبو آتی ہے، جیسا کہ کڑوی، کھٹی، نمکین، میٹھی، مردار کی سی، پیشاب کی، سڑی سی، خراب انڈے کی یا اس کے علاوہ؟ 1248

۵۔ ...پسینہ جسم کے کس حصہ پر زیادہ اور کس حصہ پر کم آتا ہے؟1255.

۶۔ ...کیا موسم گرما میں پاؤں پر چپچپے بدبودار پسینے آتے ہیں؟ (کلکیریا، سورینم، سیلیشیا، سٹرامونیم) 1251

۷۔ ...پسینہ ٹھنڈا ہوتا ہے یا گرم یا نارمل؟ 1250

۸۔ ....کسی کے خوف یا ڈر سے پیشانی پر پسینہ آتا ہے؟ (سمبوکس)

۹۔ ...ایسا تو نہیں کہ جب بھی آپ کو پسینہ آتا ہے تو سب سے قبل پیشانی پر بعد میں باقی جسم پر آتا ہے؟ (سیلیشیا)

21.{{جلد}}

۱۔ ...کسی قسم کا کوئی جلدی مرض ہے، جیسا کہ خارش، دانے، ابھار، وغیرہ؟ 1256

۲۔ ...جسم کے کس کس حصہ پر دانے وغیرہ ہیں؟ کب سے بنے ہیں؟

22.{{علامات عامہ}}

۱۔ ...کس وقت میں کون سی تکلیف ہوتی ہے؟ 1296

۲۔ **نوٹ:۔** آپ کو یہ بات معلوم ہونی چاہئے کہ ہومیوادویہ کا وقت کے ساتھ بہت ہی گہرا تعلق ہے. یعنی تکلیف کے شروع ہونے یا شدت اختیار کرنے کا وقت کیا ہے. وقت بدلنے سے ادویہ بدل جایا کرتی ہیں. اس لیے آپ جو بھی تکلیف یا درد بیان کریں اس کا وقت ضرور ذکر کریں کہ وہ عموماً دن یا رات کو کس وقت شروع ہوتی اور کس وقت ختم ہوتی ہے.

مثلاً:-درد سر کے دو مریض لیں. ایک مریض کہتا ہے کہ مجھے درد سر جب بھی ہوتا ہے وہ عصر کے بعد ہوتا ہے تو اس کی **لائیکوپوڈیم** یا **ہیلیبورس** دواء بنتی ہے. ایک مریض کہتا کہ کہ درد سر تین بجے ہوتا ہے تو اس کی دواء **کا سٹیکم** ہوتی ہے.

اس طرح بخار کے تین مریض لیں. ایک کہتا کہ کہ مجھے زیادہ تر دن 11 بجے بخار محسوس ہوتا ہے تو **رسٹاکس** یا **نیٹرم** دواء ہو گی. دوسرا کہتا ہے کہ رات 11 بجے زیادہ بخار محسوس ہوتا ہے تو **بیلاڈونا** دواء ہو گی.

اسی طرح پیٹ درد کے دو مریض لیں. ایک کہتا ہے کہ مجھے دن چار بجے پیٹ میں درد زیادہ ہوتا ہے تو **کولوسنتھ** دواء ہو گی. دوسرا کہتا ہے کہ مجھے رات 9 بجے پیٹ میں زیادہ درد ہوتا ہے تو **برائی اونیا** دواء ہو گی.

اس لئے آپ کی جو بھی تکلیفات اور درد ہیں ان سب کا نمبر وار وقت بیان کریں. ہومیوپیتھک کے مطابق یہ اوقات بنتے ہیں؟ 1296

صبح 5 بجے سے 10 بجے

قبل دوپہر دن 10 سے 12 بجے تک

دوپہر 12 سے 1 بجے تک

بعد دوپہر 1 سے رات 6 بجے تک

شام 6 سے رات 9 بجے تک

رات 9 بجے سے صبح 5 بجے تک

آدھی رات پہلے رات 12 بجے سے قبل

آدھی رات بعد رات 12 بجے کے بعد

طلوع آفتاب سے غروب آفتاب تک

غروب آفتاب سے طلوع آفتاب تک

طلوع آفتاب کے بعد

غروب آفتاب کے بعد

۳۔ ... آپ اپنے آپ کو ان دو وقتوں میں سے کس وقت زیادہ ایکٹو اور چست محسوس کرتے ہیں. صبح اٹھنے کے بعد یا مغرب کے وقت؟

۴۔ ... زیادہ تکلیفات کس موسم میں ہوتی ہیں؟ موسم گرما میں یا موسم سرما میں؟

۵۔ ... موسم سرما زیادہ پسند ہے یا موسم گرما؟

۶۔ ... آپ کو موسم گرما میں زیادہ تر کون کون سے جسمانی مسائل اور تکلیفات پیش آتی ہیں؟

۷۔ ... آپ کو موسم سرما میں زیادہ تر کون کون سے جسمانی مسائل اور تکلیفات پیش آتی ہیں؟

۸۔ ... کس موسم میں جسمانی تکلیفات زیادہ ہوتی ہیں، ابر آلودہ اور بادل والا دن، بہار، خزاں، سرما، گرما، طوفانی، مرطوب، ساون؟ 1365

۹۔ ... سردی، ٹھنڈی ہوا، ٹھنڈا پانی اور ٹھنڈی غذا کھانے کی وجہ سے کون کون سی تکلیفات زیادہ اور کون کون سی تکلیفات کم ہوتی ہیں؟ 1336

۱۰۔ ... گرمی، دھوپ، گرم ہوا، گرم غذا، انگیٹھی سینکنے، گرم تیل کی مالش کرنے یا سوتے وقت بستر کی گرمی سے کون کون سی تکلیفات زیادہ اور کون کون سی تکلیفات کم ہوتی ہیں؟ 1313

۱۱۔ ... حرکت کرنے، کام کرنے، چلنے، ٹہلنے، دوڑنے، اور بستر میں کروٹیں بدلنے سے کون کون سی تکلیفات کم اور کون کون سی تکلیفات زیادہ ہوتی ہیں؟ 1308

۱۲۔ ... آرام کرنے، لیٹنے، حرکت نہ کرنے سے کون کون سی تکلیفات کم اور کون کون سی تکلیفات زیادہ ہوتی ہیں؟ 1312

۱۳۔ ... کھانا کھانے کے بعد کون کون سی تکلیفات کم اور کون کون سی زیادہ ہوتی ہیں؟ 1356

۱۴۔ ... زیادہ دیر کھڑے ہونے سے کون کون سی تکلیف ہوتی ہے؟ 1356

۱۵۔ ... لیٹ جانے سے کون کون سی تکلیف زیادہ اور کون کون سی کم ہوتی ہے؟ 1362

۱۶۔ ... کون کون سی غذا کھانے سے معدہ میں تکلیف ہوتی ہے؟ 1347

۱۷۔ ... بھوکا رہنے سے کون کون سی تکلیفات زیادہ اور کون کون سی تکلیفات کم ہوتی ہیں؟

۱۸۔ ... جسم کو دبانے سے درد کم ہوتے ہیں یا زیادہ ہوتے ہیں؟ 1315

۱۹۔ ... کھلی ہوا کی خواہش ہے یا کھلی ہوا سے نفرت ہے؟ کیا بند کمرہ اور بند جگہ میں داخل ہونے سے کھانسی، دمہ، الٹی، بہت زیادہ بے چینی، سانس لینے میں مشکل ہوتی ہے؟ 1372

۲۰۔ ... سیڑیاں چڑھنے سے عموماً تھکاوٹ یا ٹانگوں میں درد یا زیادہ تھکاوٹ ہوتی ہے؟

۲۱۔ ...جماع کے بعد تکلیفات کم ہوتی ہیں یا زیادہ؟ 1307.1350

۲۲۔ ... حیض شروع ہونے سے پہلے، یا درمیان، یا بعد میں کون کون سی تکلیفات ہوتی ہیں؟ 1313

۲۳۔ ...کوئی نوبتی تکلیف ہے؟یعنی وہ تکلیف جو ہر سال، یا ہر ماہ، یا ہر دن ایک ہی وقت پر آتی ہوں؟ 1369

۲۴۔ ... نیند کے بعد جاگنے کے وقت کوئی تکلیف ہوتی ہے؟ 1370

۲۵۔ ...کیا جسم میں حرارت غریزی اور طاقت کی بہت زیادہ کمی ہے؟ 1312

۲۶۔ ...مریض دو قسم کے ہوتے ہیں. دائیں طرف والے اور بائیں طرف والے. جن لوگوں کی زیادہ تر تکلیفات جسم کی دائیں جگہوں پر ہوں وہ دائیں جانب والے ہوتے ہیں. جب کہ زیادہ تر تکلیفات جسم کی بائیں جانب واقعہ ہوں وہ بائیں جانب والے ہوتے ہیں. اس لئے اچھی طرح سوچ کر توجہ سے بتائیں کہ زیادہ تر تکلیفات اور درد جسم کی دائیں جانب ہیں یا بائیں جانب ہیں؟ جیسا کہ سر کی دائیں جانب، چہرے کی دائیں جانب، دائیں آنکھ، حلق کی دائیں جانب، ناک کا دائیاں نتھنہ، گردن کی دائیں جانب، دائیاں کندا، دائیاں بازو، سینہ کے دائیں جانب، دائیاں پاؤں، دائیں ران، دائیاں گردہ، شکم یا معدہ کی دائیں جانب، عورت کا دائیاں خصیۃ الرحم، دائیاں گھٹنہ، دائیں پنڈلی یا جسم کی بائیں اعضاء میں ہیں؟ 1306

23.{{دماغی علامات}}

۱۔ ...کیا آپ اکثر ٹھنڈی آہیں بھرتے رہتے ہیں؟ (سیپیا، اگنیشیا، میور ٹیکم ایسڈ، نیٹرم میور، اوپیم) 1

۲۔ ...شعر وشاعری کے بہت شوقین ہیں؟ (چائنا، اگیر کس، سٹر امونیم، نیٹرم سلف) 2

۳۔ ....کیا آپ بہت زیادہ ترتیب پسند ہیں؟اس کا مطلب یہ ہے کہ جب آپ گھر آتے ہیں تو ہر چیز کو اپنی اپنی جگہ پر دیکھنا چاہتے ہیں. اگر کوئی چیز غلط جگہ پر ہو تو طبیعت میں کھٹن محسوس کرتے ہیں؟ (نکس وامیکا، آرسینک، اناکارڈیم) 1

۴۔ ...کیا آپ بہت زیادہ ضدی اور الٹے انسان ہیں؟ (کلکیریا، کیمومیلا، اناکارڈیم) 4. 68

۵۔ ....کیا قسمیں کھانے، لعن طعن کرنے یا جھوٹ بولنے یا گالیاں دینے کی عادت ہے؟

(سٹر امونیم، کسٹوریم، ماسکس، اناکارڈیم، پلاٹینم) 4.84

۶۔ ...کیا بری خبر سن کر آپ کو پاخانہ آجاتا ہے؟

(بوریکس، نائیٹرک ایسڈ، تھوجا، پیلیڈیم، اگنیشیا، ایلومینا، نیٹرم میور، گریفائٹس، کالی بائیکرامیکم، اناکارڈیم) 5

۷۔ ....کیا آپ کو لڑائی سے بہت زیادہ ڈر لگتا ہے؟ (زنکم، گریفائٹس، سیپیا، سٹافی، سیلیشیا) 5.10.61

۸۔ ...کیا آپ بہت زیادہ خاموش طبع ہیں؟6.49.

۹۔ ... کبھی کبھی گھر سے بھاگ جانے کی خواہش ہوتی ہے؟8.

۱۰۔ ...اپنے اُوپر بھروسہ اور خود اعتمادی ختم ہو چکی ہے؟ اسے ضعف ارادہ کہتے ہیں؟ 8.68

۱۱۔ ... آپ کا حافظہ کیسا ہے؟ زیادہ تر کیا کیا چیزیں بُھول جاتے ہیں؟ 8.47

۱۲۔ ... کسی وقت بلاوجہ بے چینی رہتی ہے؟ 14

۱۳۔ ... کیا آپ بہت زیادہ شرمیلے ہیں؟ عورتوں سے بہت شرماتے ہیں؟ (سٹافی، کاسٹیکم، کالی بروميٹم، فاسفورس، سیپیا) 16

۱۴۔ ...پانی سے ڈر لگتا ہے؟ (سٹرامونیم، ہائیڈروفوبینم، آرسینک، وغیرہ) 17

۱۵۔ ...اگر کوئی غلطی ہو جائے تو بہت زیادہ پچھتاوا اور افسوس ہوتا ہے؟ 19.67.77

۱۶۔ ... کسی وقت بلاوجہ پریشانی ہوتی ہے؟18.

۱۷۔ ... کیا آپ بہت زیادہ پھرتیلے ہیں؟ مکڑی کی طرح بہت زیادہ تیز تیز چلنے کی عادت ہے؟ اگر آپ چلنا بند کر دیں تو طبیعت خراب ہونے لگتی ہے؟ (ٹیرنٹولا) 25

۱۸۔ ... کیا آپ بہت زیادہ کاروباری منصوبے بناتے رہتے ہیں، کاروبار کا شدید رجحان ہے، اور ترقی و کامیابی کے پیچھے لگے ہیں؟ اس ترقی کی خواہش کی وجہ سے بہت سے لوگوں کو چھوڑ دیا ہے؟
(نیٹرمز، برائی اونیا اور گریفائیٹس, ارجنٹم نائٹ، اناکارڈیم، اولنڈر، اوپیم، چائنا، سلفر، نکس) 26

۱۹۔ ... کیا آپ کو خیالی تصورات اور توہمات (وہم) آتے رہتے ہیں جن کا حقیقت کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہوتا، جیسا کہ آپ کے جسم کا کوئی حصہ بڑا یا چھوٹا ہے، کبھی کبھی آگ دیکھائی دے، رات کو کوئی دوسرا ساتھ سویا ہوا ہے، آپ پاگل ہو جائیں گے، آپ کا کوئی پیچھا کر رہا ہے، جاگتے وقت اپنے آپ کو خواب میں محسوس کرنا، مردہ آدمیوں، یا جنات کو دیکھنا وغیرہ؟ 27.28

۲۰۔ .... کیا آپ بہت زیادہ حساس ہیں اور تنگ مزاج ہیں؟ حساس سے مراد چھوٹی چھوٹی باتوں کو جلد محسوس کرنے والا، یا ادویہ کا اثر جلد قبول کرنے والا، یا اچھی بری غذا سے جلد بیمار ہونے والا، بے عزتی کو جلد محسوس کرنے والا؟
(سباڈیلا، کاسٹیکم، نکس وامیکا، سٹافی، نیٹرمز، لیکسس، سیلیشیا، گریفائٹس) 28.49.62

۲۱۔ ... آپ بہت جلد باز ہیں؟ 41

۲۲۔ ... کیا آپ چڑچڑے مزاج والے ہیں؟ 43

۲۳۔ ...دوسروں کے چُھونے سے نفرت کرتے ہیں؟ 47

۲۴۔ ... کیا آپ بہت حاسدانہ مزاج ہیں؟ مطلب یہ ہے کہ کسی دوسرے کو کامیاب ہوتے ہوئے، مال ملتے ہوئے یا ترقی کرتے ہوئے دل میں جلن ہوتی ہے اور اس کے خلاف باتیں کرنے لگتے ہیں؟ دوسروں کے نقصان سے خوش ہوتے ہیں؟ (ایپس، لیکسس، سٹرامونیم، پلاٹینم، نیٹرمز، بنزویک ایسڈ، سیپیا، اگنیشیا، اوپیم، پلساٹیلا، سٹافی سیگیریا، ہائیوسائمس) 49

۲۵۔ ... کیا آپ بہت زیادہ سنجیدہ مزاج ہیں؟ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ جو بھی بات کرتے ہیں ہمیشہ بہت سوچ سوچ کر کرتے ہیں. اور مذاق کم ہی کرتے ہیں؟ جذباتی بھی بہت کم ہوتے ہیں؟ اسے متحمل مزاجی بھی کہتے ہیں؟ (سیلیشیا اور نیٹرمز، گریفائیٹس، برائی اونیا، سیپیا) 49.78

۲۶۔ ... موت اور خودکشی کی خواہش کرتے ہیں؟ 51.85

۲۷۔ ... خیالی پلاؤ بنانے اور خیالات میں منہمک ہونے کی عادت ہے؟ 51.75

۲۸۔ ... کیا شہوانی خیالات بہت زیادہ آتے رہتے ہیں، خواہش نفسانی اس قدر زیادہ ہو چکی ہے جو ناجائز حرکات جیسا کہ مشت زنی، انگشت زنی، نظر بد، زنا، اور لواطت وغیرہ کرنے پر مجبور کرتی ہے؟ (سٹافی، سٹرامونیم، سیلینم، ہائیڈروفوبینم، اگنیشیا، پلاٹینم، سیپیا، سائیکیوٹا، کاسٹیکم، گریشی اولا،، بنزویک ایسڈ، گریفائٹس، اوپیم، انٹم کروڈم، ایپس، پلاٹینم، پلساٹیلا، ٹیرنٹولا، سلفر، فاسفورا، فلورک ایسڈ، کاربو ویج، کالی بروم، کینابس انڈیکا، گریفائٹس، لائیکو، لیکسس، مرک، میورکس، ماسکس، نیٹرمز، ہائیوسائمس، کینتھرس، وغیرہ) 55.68

۲۹۔ ... آپ کو کس کس چیز سے زیادہ تر ڈر لگتا ہے جیسا کہ موت سے، اندھیرے سے، مستقبل کے نقصان سے، دوسروں کے چھوڑ جانے، کاروبار میں نقصان ہو جانے سے، پانی سے ڈر، اپنے بیمار ہونے یا لاعلاج بیماری میں مبتلاء ہونے کا ڈر، تنہائی سے ڈر، بد قسمتی کا ڈر جنات کا ڈر، گرج و آندھی سے ڈر، مجلس اور لوگوں سے ڈر، خیالی بیماریوں کے لگ جانے سے؟ 55

۳۰۔ ... اندھیرے میں جانے سے سکون ملتا ہے یا بے چینی ہوتی ہے؟ اندھیرے سے بہت نفرت کرتے ہیں یا بہت زیادہ پسند ہے؟ 56

۳۱۔ ... کیا غمگین باتوں سے بہت جلد رونا آجاتا ہے؟ 63

۳۲۔ ... کیا آپ بہت زیادہ سست اور لاپرواہ ہیں؟ 65.79

۳۳۔ ... کیا آپ بہت زیادہ تنہائی پسند ہیں؟ 67

۳۴۔ ... تکلیفات اور درد سوچنے یا ان کی طرف توجہ دینے سے زیادہ ہوتے ہیں؟ مثلاً آپ نے ذھن میں یہ لایا کہ آپ کا سر درد کر رہا ہے تو وہ درد کرنا شروع کر دے یا آپ کے دل کی دھڑکن کی طرف توجہ دی تو وہ زیادہ ہو گئی، آپ نے سوچا کہ پیشاب آنے والا ہے تو وہ کچھ دیر میں آجائے؟ یا دردوں کی طرف خیال کرے وہ شروع ہو جائیں؟ 67

۳۵۔ ... کبھی علالت یا دوطن سے بیمار ہوئے ہیں؟اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کسی کام کے سلسلہ سے اپنے شہر سے دور چلے گئے اور اپنوں کی بہت زیادہ یاد سے غمگین یا بیمار ہو گئے ہوں؟(ہیلیبورس، اوپیم، فاسفورک، اناکارڈیم، سیپیا وغیرہ) 69

۳۶۔ ...جب آپ کو غصہ آتا ہے تو آپ کیا کرتے ہیں؟ نیز غصہ برداشت کر سکتے ہیں یا نہیں؟غصہ کے وقت کانپتے تو نہیں ہیں؟ یا گھر سے بھاگ تو نہیں جاتے، یا برتن اور گھر کی چیزیں تو نہیں توڑتے؟ یا غصہ سے پاخانہ تو نہیں آتا، عموماً غصہ کی وجہ سے کس طرح کے نقصانات برداشت کرنے پڑتے ہیں؟

(سٹافی، مرک سال، تھوجا، سباڈیلا، سیپیا، پٹرولیم، لائیکوپوڈیم) 70

۳۷۔ ... آپ دن کو کسی خاص وقت پر بلاوجہ غمگین رہتے ہیں؟ آپ کی زندگی میں کوئی بہت بڑا غم گزارہے؟ 72

۳۸۔ ... کیا دماغی کام بہت کم کرتے ہیں جیسا کہ مطالعہ کرنا، تحریر کرنا، تحقیق وریسرچ کرنا، وغیرہ؟ 76.82

۳۹۔ ... کیا انتقامی مزاج اور کینہ ور ہیں؟یعنی لوگوں سے بدلہ لینے کی زیادہ خواہش ہوتی ہے اور اگر کسی سے ناراض ہو جائیں جو جلد راضی نہیں ہوتے اور اس کی غلطی کو جلد معاف نہیں کرتے یا کوئی خلاف مزاج بات کر دے تو وہ زیادہ دیر تک ذہن میں رہتی ہے؟

(نائیٹریکم ایسڈم، تھوجا، لیکسس، اناکارڈیم، کلکیریا، لائیکوپوڈیم، لیک کینینم، ہائیوسائمس، اوپیم، بوریکس، وغیرہ) 78

۴۰۔ ... کیا آپ لڑاکا مزاج ہیں؟ 80

۴۱۔ ... کیا آپ بہت جلد کاموں میں مایوس اور ناامید ہو جاتے ہیں؟

(اورم، کونیم، ہیلیبورس، رسٹاکس، ارجنٹم، سورینم، وغیرہ) 81

۴۲۔ ... آپ بہت زیادہ باتیں کرتے ہیں؟

(لیکسس، کونیم، نائیٹریکم، سٹرامونیم، فاسفورس، ہائیوسائمس، کاسٹیکم، پلاٹینا، نکس وامیکا، ارجنٹم نائیٹریکم، اوپیم، سیلینم، نیٹرم کارب، میورٹیکم ایسڈم، ٹیرنٹولا، ہائیڈروفوبینم، چیلیڈونیم، آرسینکم البم، آئیوڈیم، سٹانم، اناکارڈیم) 81

۴۳۔ ... کیا آپ کے طبیعت میں بہت تکبر، انا پسندی اور غرور ہے؟اس کا مطلب یہ ہے کہ اپنے آپ کو دوسروں سے بڑا سمجھنا، دوسروں کو چھوٹا سمجھنا، یہ خواہش رکھنا کہ دوسرے میری زیادہ سے زیادہ عزت کریں، مجلس اور باتوں میں مجھے سب سے زیادہ فوقیت دیں، آپ چھوٹی چھوٹی باتوں سے ناراض ہو جاتے ہیں اور ہمیشہ اپنی ہی بات منوانا، مخالفت بالکل برداشت نہ کرنا؟

(پلاٹینم، نکس، سٹافی، لیکسس، ایلومن، کونیم، پٹرولیم، پلیڈیم، سٹرامونیم، گریفائٹس، فاسفورس، لیک کینینم، نائیٹرک ایسڈ، نکس، ہائیڈروفوبینم، ہائیوسائمس، اناکارڈیم، تھوجا، سباڈیلا، کاسٹیکم، کونیم،) 82.84

۴۴۔ ... کیا آپ کا زیادہ رجحان مذہبی کاموں کی طرف ہے جیسا کہ نماز، روزہ، تلاوت، درود، محافل، دینی کتب کا مطالعہ، وغیرہ یا آپ کی زیادہ تر توجہ اور مصروفیہ کاروبار، گھر، باہر کی طرف ہیں؟

(بوریکس، وریٹرم، ایلومینا، آرسینک، اگنیشیا، بریٹاکارب، سلفر، لیکسس، ہائیوسائمس، سورینم، کالی رومیٹم، چیلیڈونیم، پلساٹیلا، رسٹاکس، سیلینیم، کونیم، گریفائٹس، لائیکوپوڈیم، میڈورینم، مزیریم، نیٹرم میور وغیرہ) 83

۴۵۔ ... کیا لوگوں کی ہمدردی حاصل کرنے کی یا لوگوں کو ہمدردی دینے کی شدید ترین خواہش دل میں رہتی ہے. جب کوئی آپ سے ہمدردی کرتا ہے تو آپ بہتر ہو جاتے ہیں؟ (پلساٹیلا، کینتھرس، کاسٹیکم، نیٹرمز، گریفائٹس) 89

۴۶۔ ... داہنے جبڑے کی ہڈی کھڑکتی ہے؟ (سٹافی، مرک سال، سیفیلینم)

۴۷۔ ... آپ ایک ماہ میں کتنی بار نہاتے ہیں؟

۴۸۔ ... کیا جب آپ لوگوں کے سامنے جاتے ہو تو ان کے ڈر کی وجہ سے پیٹ میں خوف محسوس ہوتا ہے، اور صبح جاگنے کے وقت پیٹ میں اُداسی محسوس ہوتی ہے؟ (مزیریم، بوریکس، تھوجا، فاسفورس، گریفائٹس) 60

۴۹۔ ... کیا آپ بہت زیادہ صفائی پسند ہیں؟ (آرسینکم، سباڈیلا، گریفائٹس، کونیم)

۵۰۔ ... بار بار ہاتھ دھونے کی عادت ہے (کونیم، سفلینم، آرسینکم، نائیٹرک ایسڈ)

۵۱۔ ... سخت کلامی کی عادت ہے؟ (اناکارڈیم، الیومن، پٹرولیم)

۵۲۔ .... کیا آپ بند انسان ہیں. بند انسان سے مراد وہ لوگ جو اپنے غم اور دلی تکلیفات کو عموماً دوسروں سے چھپا کر رکھتے اور اظہار کم ہی کرتے ہیں. (نیٹرمز، سٹافی، سلیشیا، سیپیا وغیرہ)

۵۳۔ .... کیا آپ اپنی ذمہ داریوں کو عام لوگوں سے زیادہ محسوس کرتے ہیں، اور اپنی ذمہ داروں کو پُورا نہ کرنے کی ٹینشن سے بیمار پڑ چکے ہیں؟ (گنیشیا میور، اناکارڈیم)

۵۴۔ ... کیا آپ کو بیماریوں کی تیمارداری، اور دیکھ بھال کا بہت زیادہ شوق ہے اور اسی وجہ سے آپ بیمار ہو چکے ہیں؟ (کوکولس)

۵۵۔ ... کیا جاسوسی والی عادت ہے؟ جیسا کہ سامنے کوئی بات کر رہا ہو یا گزر رہا ہو تو فوراً اس کے بارے سوچنے لگنا کہ یہ کہا جا رہا ہے کیوں جا رہا ہے، کس کے پاس جا رہا ہے یا کس کام سے جا رہا ہے. یہ بُری عادت ہے؟ (تھوجا، اناکارڈیم)

۵۶۔ ... بدگمانی کی عادت ہے؟ اس کا مطلب یہ ہے کہ جب بہت سے لوگ جمع ہوں. وہ آپس میں باتیں کر رہے ہو تو آپ یہ سوچیں کہ وہ آپ کی بدخوئی کر رہے ہیں یا آپ کے خلاف باتیں کر رہے ہیں یا آپ کی برائی بیان کر رہے ہیں؟ اور آپ اپنی اس عادت سے بہت تنگ ہیں؟ آپ لوگوں سے حسن زن کم ہی رکھتے ہیں؟ (بریٹاکارب، کالی برومیٹم، ہائیڈروفوبینم، پلاٹینم)

۵۷۔ ...اگر کوئی آپ کی طرف دیکھے تو بہت زیادہ بُرا محسوس کرتے ہیں؟ (انٹی مونیم کروڈم، سیپیا)

۵۸۔ ...کیا آپ بہت منکسر مزاج اور بہت زیادہ فرماں بردار ہیں؟اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ دوسروں کی باتوں اور نصیحتوں کو جلد مان لیتے ہیں؟ (پلساٹیلا، مرک سال)

۵۹۔ ....کیا آپ میں بلاوجہ دوسروں پر شک یا وہم کی وجہ سے الزام لگانے کی عادت ہے؟

۶۰۔ ...کیا آپ سفر کے بہت زیادہ شوقین ہیں؟ (ٹیوبر کولینم)

۶۱۔ ...جب آپ غمگین گانا، یا نعت سنتے ہیں تو اس کا طبیعت پر کیسا اثر پڑتا ہے؟کیا گانا سننے سے طبیعت بہت بہتر ہو جاتی ہے؟ (نیٹرمز، اگیریکس، ٹیرنٹولا،)

۶۲۔ ...کیا آپ بہت خوشامد پسند ہیں؟اس کا مطلب یہ ہے کہ اس بات کی خواہش کہ دوسرے آدمی آپ کے متعلق بہتر رائے ظاہر کریں اور آپ کی اچھائی بیان کریں؟

۶۳۔ ...کیا آپ منفی سوچ والے ہیں؟ہر بات کا الٹ مطلب اور مخالف صورت ہی مراد لیتے ہیں؟ (سلفر، اناکارڈیم)

۶۴۔ ...اپنے پاس پیسے ختم ہونے کا عموماً ڈر رہتا ہے؟

۶۵۔ ...کیا ہر وقت اپنے ہاتھوں کو کام میں مصروف رکھنے کی عادت ہے؟ (کالی برومیٹم)

۶۶۔ ...دوسروں پر حکم چلانے یا حکومت کرنے کی زبردست خواہش رہتی ہے؟ (لائیکوپوڈیم)

۶۷۔ ...کیا آپ کو اکثر ایسا محسوس ہوتا ہے کہ کوئی بڑا گناہ کیا ہے یا میری نجات نہیں ہو گی؟ہر وقت دوسروں کو دعائیں دیتے رہتے ہیں؟ (میڈورینم، بوریکس)

۶۸۔ ...اگر کوئی دھوکہ دے یا بھری محفل میں بے عزتی کرے تو کیا اس کی وجہ سے بہت زیادہ غمگین ہو جاتے ہیں یا ٹینشن میں آجاتے ہیں؟

۶۹۔ ...کیا آپ ظلم اور معاشرے کی ناانصافیوں پر انتہائی شدید غمگین ہوتے ہیں یا ان کا دل پر گہرا اثر ہوتا ہے؟ (کاسٹیکم)

۷۰۔ ...کیا آپ بہت زیادہ کنجوس اور بخیل ہیں؟دوسروں پر پیسہ خرچ کرنا یا اللہ کی راہ میں دینا پسند نہیں کرتے اور اپنے اُوپر زیادہ خرچ کرتے ہیں؟ (زنکم، نائیٹریکم، سینگونیریا، چیلیڈونیم، فاسفورس)

۷۱۔ ...اُونچائی سے بہت زیادہ ڈر تو نہیں لگتا؟یا اُونچی جگہ سے نیچے آتے وقت بہت ڈر لگتا ہے؟ (کالی بائیکرامیکم، بوریکس)

۷۲۔ ...کیا جب پریشان ہوتے ہیں تو دوسرے کی تسلی اور دلاسہ ملنے سے دل مطمئن نہیں ہوتا بلکہ طبیعت زیادہ خراب ہوتی ہے؟ (انٹم کروڈم، ہیلیبورس، پلساٹیلا)

۲۳۔ ... کیا اپنی فیملی خصوصاً ماں کی بیماری اور موت کے بہت زیادہ خیالات تنگ کرتے رہتے ہیں، ان کے بیمار ہونے یا کسی مصیبت میں گرفتار ہونے یا مرنے کا شدید ڈر رہتا ہے، خاص کر جب آپ گھر سے باہر ہوں؟ بعض دفع ان کے خیالات کی جھوٹی فلم چلتی ہے؟ بچوں یا شوہر کی ضرورت سے زیادہ فکر کرنے سے بیمار ہوتے ہیں؟

(کالی کارب، کالی برومیٹم، کالی بائیکرامیکم، کالی میور، فیرم میٹ)

24.{{کچھ اہم ترین سوالات}}

۱۔ ... اپنی 10 بُری عادات اور صفات بیان کریں.

۲۔ ... اپنی 10 اچھی عادات بیان کریں.

۳۔ ... اپنی 10 عجیب قسم کی عادات بیان کریں جو عام لوگوں سے ہٹ کر ہوں.

۴۔ .... کل کتنی امراض ہیں جن کا آپ علاج کروانا چاہتے ہیں؟ ہر تکلیف کی مدت بیان کریں کہ وہ کتنے کتنے سال پُرانی ہے. نیز یہ بیان کریں کہ سب سے پہلی کون سی تکلیف ہے اور سب سے آخری کون کون سی تکلیف ہے.

۵۔ ... کوئی دماغی بیماری، یا بُری عادت، یا بُری سوچ یا بُری صفت ہے جس کا علاج کروانا چاہتے ہیں؟

نوٹ:۔ آن لائن ہومیوپیتھک علاج کے لئے رابطہ فرمائیں!

WWW.FACEBOOK.COM/MAJIDHUSSAINSABRI786

Majidhussainqadri1@gmail.com

Dr. Majid Hussain Sabri Homoeopath
Kamil Homeopathic Clinic
Gujrat Pakistan
Whatsapp & Call Number
0349-4143244
Call Time 12:00 PM to 04:00 PM